CAREERINDIA

# CBSE Sample Question Paper

## Class - X Urdu Course - B

وقت:3 گھنٹے

Time allowed : 3 hours

کل نمبر: 80

Max. marks: 80

1۔ درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اوراس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ (5)

جس طرح غزل میں مضامین کی قیدنہیں ہےاس طرح اشعار کی تعداد بھی مقررنہیں ہے۔عام طور پر پانچ سے انیس اشعارتک کی غزلیں ہوتی ہیں۔کئی غزلوں میں انیس سے زیادہ اشعار بھی ملتے ہیں۔کبھی کبھی ایک ہی بحراور ردیف و قافیے میں شاعرایک سے زیادہ غزلیں کہہ دیتا ہےاس کودوغزلہ،سہ غزلہ اور چہارغزلہ کہاجاتا ہے۔غزل کا پہلا شعر'مطلع' کہلاتا ہے۔اس کے دومصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔مطلع کے بعدبھی مطلع ہوسکتا ہے۔اس طرح کے مطلع کو'مطلع ثانی' کہتے ہیں اوراگراس کے بعدبھی مطلع ہوتو''مطلع ثالث'' کہتے ہیں۔جس طرح غزل کے اشعار کی تعدادمقررنہیں ہےاسی طرح مطلعوں کی تعدادمقررنہیں ہے۔مطلع کے فوراًبعدآنے والے شعرکو''حسن مطلع'' کہتے ہیں۔غزل کے آخری شعرمیں شاعراپنا تخلص استعمال کرتا ہے،اس کو'مقطع' کہتے ہیں۔غزل کا سب سے اچھا شعر''بیت الغزل''یا''شاہ بیت'' کہلاتا ہے۔وہ بحر اورردیف وقافیہ جس کے لحاظ سے غزل کہی جاتی ہے،اسے غزل کی زمین کہتے ہیں۔

(i) غزل میں عموماًاشعارہوتے ہیں۔

(a) بارہ سے پندرہ

(b) انیس سے پچیس

(c) پانچ سے انیس

(d) پانچ سے نو

(ii) ایک ہی ردیف وقافیہ اور بحر میں ایک سے زیادہ کہی جانے والی غزلوں کوکہا جاتا ہے۔

(a) کلیات

(b) دوغزلہ،سہ غزلہ یاچارغزلہ

(c) دیوان

(d) انتخاب غزلیات



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں

(a) حسن مطلع

(b) مقطع

(c) بحر

(d) مطلع

(iv) وہ بحر اور ردیف وقافیہ جس کے لحاظ سے غزل کہی جاتی ہے، اسے کہتے ہیں

(a) غزل کی زمین

(b) غزل کی ہیئت

(c) غزل کا خاکہ

(d) غزل کا آسمان

(v) ''شاہ بیت'' کہتے ہیں

(a) غزل کا سب سے اچھا شعر

(b) غزل کا سب سے آخری شعر

(c) غزل کا ایک مصرعہ

(d) غزل کی زمین

2۔ مندرجہ ذیل شعری بند کو پڑھیے اور سوالوں کے جو متبادل دیئے گئے ہیں، ان میں سے صحیح متبادل کو چن کر لکھیے۔ (5)

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی سات لے
نیکی کا بدلہ نیک ہے ، بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا میوہ ملے، پھل پھول دے پھل پات لے
آرام دے آرام لے دکھ درد دے آفات لے
کل جگ نہیں کر جگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے

(i) نیکی کا بدلہ کیا ہے؟

(a) نیکی کا بدلہ بدی ہے

(b) نیکی کا بدلہ نیکی ہے

(c) نیکی کا بدلہ اچھائی ہے

(d) نیکی کا بدلہ احسان ہے



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(ii) دنیا کو کیسا بازار کہا گیا ہے؟

(a) مہنگا بازار

(b) سستا بازار

(c) عجب بازار

(d) مینا بازار

(iii) کیسے کام کرنے کے بدلے میں بدی ملتی ہے؟

(a) نیک کام کرنے سے

(b) اچھا کام کرنے سے

(c) برا کام کرنے سے

(d) لگاتار کام کرنے سے

(iv) شاعر کے نزدیک کون سا جگ ہے؟

(a) کل جگ

(b) کر جگ

(c) کرا جگ

(d) کرم ید

(v) دکھ درد اگر کسی کو دیں تو بدلے میں کیا ملتا ہے؟

(a) میوہ

(b) پھل پھول

(c) دکھ درد

(d) آفات

## (حصہ - ب)

3۔ نیچے لکھے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ (10)

(i) میرا پسندیدہ کھیل

(ii) ورزش کی اہمیت

(iii) مطالعہ کے فائدے

4۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر اسے حیدر آباد کی سیر کی دعوت دیجئے۔ (5)

( یا )

محکمۂ تعلیم کے اعلیٰ افسر کے نام خط لکھ کر اسکول میں درسی کتابیں نہ ہونے کے بارے میں بتائیے اور کتابیں فراہم کرنے کی درخواست کیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(حصہ - ج)

5۔ درج ذیل میں سے کسی چار کے متضاد لکھئے۔ (4)

نزدیک موجود شکست خوبی جیت طاقتور نیک خوش قسمت

6۔ درج ذیل محاوروں میں سے صرف چار کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ (4)

پاؤں اکھڑنا قول دینا بھیس بدلنا دانتوں میں انگلیاں دبانا پانی پانی ہوا

7۔ (i) سابقہ 'بد' جوڑ کر دو الفاظ بنائیے۔ (2)

(ii) لاحقہ 'دار' لگا کر دو الفاظ بنائیے۔ (2)

8۔ نیچے لکھے ہوئے جملوں سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔ (5)

فرض احسانات ماہرین کتب خاتون

8۔ (i) اس جملے پر غور کیجئے:

ہم کل نمائش دیکھنے گئے تھے۔

زمانے کے لحاظ سے اس جملے میں فعل کی کون سی قسم ہے؟ لکھئے۔ (2)

(ii) وہ کام جو آنے والے زمانے میں ہو، اسے کون سا فعل کہتے ہیں؟ اس کی تعریف ایک مثال کے ساتھ لکھئے۔ (3)

9۔ درج ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھئے۔ (6)

(i) رامو نے کپڑے دھوئے۔

(ii) میرا دوست کل آئے گا۔

(iii) بچے کرکٹ کھیل رہے ہیں۔

(حصہ - د)

10۔ درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ (7)

راجپوتوں کے ایک سردار کا نام رگھوپت تھا۔ یہ بڑا بہادر اور جری تھا۔ اس نے کچھ لوگ اپنی فوج میں داخل کر لیے تھے اور ان کو ساتھ لے کر لڑا کرتا تھا۔ اس نے بہادری میں ایسا نام پیدا کر لیا تھا کہ بڑے بڑے مغل اس کا نام سن کر گھبرا جاتے تھے۔ اکبر کے سپاہیوں نے بڑی کوشش کی کہ کسی طرح اس کو پکڑ لیں مگر وہ ایک جگہ کب رہتا جو اسے پکڑ سکتے۔ رگھوپت کو پکڑنے کو اکبر بادشاہ نے بہت سی فوج بھیجی مگر وہ کسی کے ہاتھ نہ آیا۔ پھر بادشاہ نے اس کے گھر پر پہرہ بٹھا دیا۔ اکبر کا خیال تھا کہ کسی دن رگھوپت سنگھ اپنے بال بچے سے ملنے سے ضرور گھر آئے گا۔ بس اسی دن سپاہی اس کو پکڑ لیں گے۔ ادھر کسی نے رگھوپت سنگھ کو خبر دی کہ تیرا بیٹا گھڑی دو گھڑی کا مہمان ہے، چل کر اسے دیکھ لے۔ یہ سن کر رگھوپت بہت گھبرایا۔

www.careerindia.com

(i) رگھوپت کون تھا؟

(a) اکبر کا درباری　(b) راجپوتوں کا سردار

(c) اکبر کا فوجی　(d) ڈاکو

(ii) رگھوپت کو پکڑنے کے لئے بادشاہ اکبر نے کیا کیا؟

(a) سارے شہر میں اعلان کروایا۔

(b) رگھوپت کے گھر والوں کو قید کرلیا۔

(c) بہت سی فوج بھیجی۔

(d) راجپوتوں کو قتل کر دیا۔

(iii) مغلوں کا بہت بڑا بادشاہ کون ہے؟

(a) بابر　(b) اکبر

(c) شاہ جہاں　(d) اورنگ زیب

(iv) بادشاہ نے رگھوپت کے گھر پر پہرا کیوں بٹھادیا۔

(a) رگھوپت سے ملاقات کرنے کے لیے

(b) رگھوپت کو انعام دینے کے لیے

(c) رگھوپت کی حفاظت کرنے کے لیے

(d) رگھوپت کو گرفتار کرنے کے لیے

(v) 'گھڑی دو گھڑی کا مہمان' کا کیا مطلب ہے؟

(a) گھڑی خریدنے والا ہے۔

(b) دو گھڑیاں لانا ہے۔

(c) موت قریب ہے۔

(d) گھر پر مہمان آئے ہیں۔

(vi) اکبر کے سپاہی رگھوپت کو کیوں نہیں پکڑ پاتے تھے؟

(a) کیونکہ وہ بہت بہادر اور جری تھا۔

(b) فوجی نہایت کمزور اور بزدل تھے۔

(c) کیونکہ وہ ایک جگہ نہیں رہتا تھا۔

(d) فوجی پکڑنا نہیں چاہتے تھے۔

(vii) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) اکبر اور رگھوپت کی لڑائی　(b) نیکی اور بدی

(c) قول کا پاس　(d) بے تکلفی

CAREERINDIA

( یا )

انٹرنٹ کمپوٹرنٹ ورک (Network) کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ دراصل الیکٹرانک سلسلوں کا ایک مجموعہ ہے جو دنیا میں مواصلاتی رشتہ یا وحدت قائم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں، انٹرنٹ کے ذریعے کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا یہ طریقہ ای - میل (E-mail) کہلاتا ہے۔ ای - میل انٹرنٹ کی ایک ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلیفون سے زیادہ تیز تر رابطے کا آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے۔ چونکہ ای - میل کی سہولت اب موبائل پر بھی دستیاب ہے، لہٰذا تار بچھانے اور دیگر زمینی انتظامات کرنے کی ضرورت بھی باقی نہیں رہی ہے۔ کمپیوٹر کی انٹرنٹ یا ای- میل خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک موڈیم (Modem) دوسری ٹیلیفون یا موبائیل کنکشن اور تیسری انٹرنٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم۔''

(i) الیکٹرانک سلسلوں کے مجموعہ کا نام کیا ہے؟

(a) موڈیم　　(b) موبائل کنکشن

(c) کمپیوٹر　　(d) انٹرنٹ

(ii) ٹیلیفون سے زیادہ تیز، کم خرچ اور آسان رابطے کا طریقہ کون سا ہے؟

(a) ٹیلیفون کنکشن　　(b) ای۔میل

(c) انٹرنٹ　　(d) رابطہ

(iii) ای- میل خدمات حاصل کرنے کے لئے کتنی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

(a) دو چیزوں کی

(b) تین چیزوں کی

(c) چار چیزوں کی

(d) پانچ چیزوں کی

(iv) انٹرنٹ مواصلاتی رشتہ قائم کرتا ہے:

(a) دو شہروں کے درمیان

(b) پورے صوبے میں

(c) پورے ملک میں

(d) ساری دنیا میں

(v) انٹرنٹ کے ذریعے رابطے کا طریقہ کہلاتا ہے۔

(a) جی۔میل (G- mail)

(b) فی۔میل (Fe- mail)

(c) سی۔میل (C- mail)

(d) ای۔میل (E-mail)

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(vi) ان میں سے کون سا جواب صحیح ہے؟

(a) ای۔میل کی سہولت صرف کمپوٹر پر دستیاب ہے۔

(b) ای۔میل کی سہولت صرف موبائل پر دستیاب ہے۔

(c) ای۔میل کی سہولت ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر دونوں پر دستیاب ہے۔

(d) ای۔میل کی سہولت کمپیوٹر اور موبائل پر دستیاب ہے۔

(vii) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) انٹرنٹ کا استعمال

(b) انٹرنٹ کے فائدے اور نقصانات

(c) انٹرنٹ

(d) ٹیلی ویژن اور انٹرنٹ

11۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (6)

(i) آدمی کی کہانی (ii) بے تکلفی (iii) نئی روشنی

12۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ (4)

(i) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(ii) اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا؟

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟ ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(iv) چندو کے بارے میں بندو کے ذہن میں کیا خیال آیا؟

13۔ درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ (5)

لائی حیات آئے ، قضا لے چلی ، چلے
اپنی خوشی نہ آئے ، نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمرِ خضر بو کہیں گے بہ وقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ، ابھی آئے ، ابھی چلے
ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کای کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(a) غالبؔ

(b) ذوقؔ

(c) اقبالؔ

(d) میرؔ

(ii) یہ اشعار شاعری کی کس صنف کے ہیں؟

(a) نظم کے

(b) مرثیہ کے

(c) غزل کے

(d) مثنوی کے

(iii) اس شعری حصے کے پہلے شعر کو کیا کہیں گے؟

(a) مقطع

(b) مطلع

(c) قافیہ

(d) ردیف

(iv) عمرِ خضر سے کیا مراد ہے؟

(a) لمبی عمر

(b) چھوٹی عمر

(c) کسی بھی انسان کی عمر

(d) حضرت خضر کی طرح عمر

(v) شاعر کے خیال میں بہتر کام کون سا ہے؟

(a) دنیا سے دل لگانا۔

(b) دنیا سے دل نہیں لگانا۔

(c) دل لگی کرنا۔

(d) کام سے دل لگانا۔

( یا )

چمن کھلا کھلا سا ہے
افق دھلا دھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

نئی نئی بہار ہے

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

سفر کی ابتدا یہ، ابھی رکو نہ راہ میں

پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ میں

روش پرانی چھوڑ کے

قدم قدم سے جوڑ کے

چلے چلو کہ وقت کو تمہارا انتظار ہے

نئی نئی بہار ہے

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

(i) یہ بند کس نظم کے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) پہاڑ اور گلہری از اقبال

(b) اے شریف انسانو! از ساحر لدھیانوی

(c) قدم بڑھاؤ دوستو از بشر نواز

(d) غزل از غالب

(ii) روش کے کیا معنی ہیں؟

(a) سلیقہ، شہر کی سڑکیں

(b) طریقہ، باغ میں بنا ہوا راستہ

(c) بے ایمانی، جھوٹ

(d) شرارت، برے کام

(iii) پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے کا مطلب کیا ہے؟

(a) پہاڑ اور غار سے بچ کر نکل جانا۔

(b) پہاڑ اور غار کی طرف نہ دیکھنا۔

(c) پریشانیوں سے نہ گھبرانا۔

(d) پریشانیوں کا کسی سے ذکر نہ کرنا۔

(iv) یہ اشعار کس کے ہیں؟

(a) رباعی کے

(b) مثنوی کے

(c) غزل کے

(d) نظم کے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(v) شاعر کے مطابق ہمارا انتظار کون کر رہا ہے؟

(a) سفر

(b) چمن

(c) وقت

(d) افق

14۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے۔ (6)

(i) اے شریف انسانو!

(ii) پہاڑ اور گلہری

(iii) نیکی اور بدی

15۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ (4)

(i) اس شعر کا مفہوم بیان کیجئے:

نازاں نہ ہو خرد پہ ، جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تری ، نہ کچھ مری دانش وری چلے

(ii) نظم "اے شریف انسانو!" کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

(iii) اس شعر کا مفہوم بیان کیجئے:

ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تونے کب رائیگاں بنایا

..................☆☆☆☆☆.............

www.careerindia.com